سوال

میں نے امام کے پیچھے نماز پڑھی، امام صاحب دو رکعتیں پڑھا چکے تھے، امام کے سلام پھیرنے کے بعد میں اپنی بقیہ نماز کس طرح ادا کروں گا؟

جواب

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کوئی شخص باجماعت نماز میں لیٹ شامل ہو، امام صاحب ایک یا ایک سے زائد رکعات پڑھا چکے ہوں تو مقتدی امام کے ساتھ اپنی شروع کی نماز ادا کرے گا، یعنی اگر وہ امام کے ساتھ تیسری رکعت میں شامل ہوا ہو تو امام صرف سورہ فاتحہ پڑھے گا، کیونکہ امام کی تیسری رکعت ہے، لیکن لیٹ شامل ہونے والے کی پہلی رکعت ہوگی اور وہ ثناء، سورہ فاتحہ اور ساتھ کوئی سورت پڑھے گا۔ وہ امام کے ساتھ جو دو رکعتیں پڑھے گا وہ اس کی پہلی دو رکعتیں ہوں گی۔ امام کے سلام پھیرنے کے بعد کھڑے ہو کر تیسری اور چوتھی رکعت ادا کرے گا۔

سیدنا ابو قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

فَمَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا (صحيح البخاري، الأذان: 635، صحيح مسلم، المساجد ومواضع الصلاة: 602)

جس قدر نماز ملے پڑھ لو اور جو رہ جائے اسے (بعد میں) پورا کر لو۔

والله أعلم بالصواب

محدث فتویٰ کمیٹی

فضیلۃ الشیخ جاوید اقبال سیالکوٹی